# 10 پکائیں، کھائیں

4312CH10



© NCERT not to be republished

تصویر میں جن خانوں میں نقطے (••) لگے ہوئے ہیں۔ ان خانوں میں رنگ بھرو۔
کیا کیا اُبھر کر آیا؟

تم نے تصویر میں کھانا پکانے کے کئی برتن دیکھ لیے ہوں گے۔ کیا تمہارے گھر میں ان کے علاوہ کچھ اور برتنوں کا بھی استعمال ہوتا ہے؟ وہ کون کون سے برتن ہیں؟



برتن کن کن چیزوں سے بنے ہوتے ہیں؟



اپنے بزرگوں سے معلوم کرو کہ پہلے کس طرح کے برتن زیادہ کام میں آتے تھے۔ وہ کس چیز کے بنے ہوتے تھے؟



ہم کھانے کی ہر چیز کو پکا کر نہیں کھاتے۔ معلوم کرو کہ ہم کن چیزوں کو کچّا کھاتے ہیں اور کن چیزوں کو پکا کر۔ کن چیزوں کو کچّا یا پکا کر دونوں طرح سے کھایا جاتا ہے۔ دیے گئے ٹیبل میں بھرو۔

| کچّی کھائی جانے والی چیزیں | پکا کر کھائی جانے والی چیزیں | کچّی اور پکا کر کھائی جانے والی چیزیں |
|---|---|---|

© NCERT not to be republished

تم نے باورچی خانہ میں یا کہیں اور روٹی بنتے دیکھی ہے؟ اس کے لیے کئی کام کرنے پڑتے ہیں۔ آٹے کو برتن میں نکالنا، اُسے گوندھنا، آٹے کے چھوٹے چھوٹے پیڑے بنانا، پیڑے کو بیلنا اور پھر سینکنا۔ اتنے سارے کام کرنے کے بعد روٹی تمہاری پلیٹ میں آتی ہے۔

اب تم باورچی خانہ میں جا کر کسی ایک چیز کو پکتے ہوئے دیکھو۔ اُسے پکانے کے لیے کیا کیا گیا؟ ترتیب وار لکھو۔ پکائی جانے والی چیز کا نام لکھنا مت بھولنا۔ اپنے کچھ ساتھیوں کی کاپیاں دیکھو۔ گروپ میں اس پر بات چیت کرو۔

چیز کا نام ____________

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________

4۔ ____________ 5۔ ____________ 6۔ ____________

تم نے دیکھا کہ کھانے کی چیزیں طرح طرح سے پکائی جاتی ہیں۔ کوئی سینک کر تو کوئی تل کر۔ کسی کو بھونتے ہیں، تو کسی کو بھاپ میں پکاتے ہیں۔

پکانے کے دیے گئے طریقے کے سامنے دو دو چیزوں کے نام لکھو۔ جو اس طریقے سے پکائی جاتی ہیں۔ اس فہرست میں کچھ اور طریقے جوڑو اور ان کی مثالیں بھی لکھو۔

| پکانے کا طریقہ | چیزوں کے نام | |
|---|---|---|
| بھون کر | ____________ | ____________ |
| اُبال کر | ____________ | ____________ |
| تل کر | ____________ | ____________ |
| سینک کر | ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ | ____________ |

بچے اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے گھر کے لوگوں سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اس سے اُن میں یہ سمجھ پیدا ہوگی کہ استاد کے علاوہ اور لوگ بھی معلومات میں اضافہ کرنے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔




2019-20




© NCERT not to be republished

* تمہارے گھر میں کھانا بنانے کے لیے کیا استعمال کیا جاتا ہے؟ اس کی تصویر کاپی میں بناؤ اور اس کا نام لکھو۔
* نیچے دی گئی تصویروں کو پہچان کر ان کے نام لکھو۔ ان کو جلانے میں کس ایندھن کا استعمال ہوتا ہے؟ تصویر کو فہرست میں سے صحیح جواب سے لائن کے ذریعے جوڑو۔ میلان ایک سے زیادہ چیزوں سے بھی ہو سکتا ہے۔





مٹّی کا تیل
کوئلہ
بجلی
گیس
دھوپ
لکڑی
اُپلے

کھانا پکانے کے الگ الگ طریقوں کے بارے میں بچوں کے تجربات دلچسپ ہو سکتے ہیں۔ گھروں میں استعمال کیے جانے والے ایندھن سے ماحول پر کیا اثر پڑتا ہے، اس پر بھی گفتگو کی جا سکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

## بنائیں اور کھائیں

ثابت مونگ کو پانی میں رات بھر بھگو دیں۔ صبح اُنھیں گیلے کپڑے میں لپیٹیں اور ڈھک کر کسی برتن میں رکھیں۔ ایک دن بعد اسے کھول کر دیکھیں۔ کیا ان میں کچھ فرق دکھائی دیتا ہے؟

مونگ کو دھو کر اُن میں کچھ کٹی ہوئی پیاز، ٹماٹر، نمک اور لیموں کا رَس ملاؤ۔ کلاس میں مل بانٹ کر کھاؤ۔

ایسی اور کون سی چیزیں ہیں جنھیں تم بغیر پکائے تیار کر سکتے ہو؟ نیچے ان کے نام اور اور پکانے کے طریقے بھی لکھو۔ نیچے ایک مثال دی گئی ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | لیموں کا شربت | پانی میں شکر گھولنا ← | لیموں کا عرق ڈالنا ← | چھاننا ← | لیموں کا شربت تیار ہے |
| 2۔ | ________ | ← | ← | ← | |
| 3۔ | ________ | ← | ← | ← | |

© NCERT not to be republished

بچوں کو مل جل کر کھانے کی چیزیں بنانے میں مزہ آتا ہے۔ وہ اپنے رہن سہن، ماحول اور آسانی سے دستیاب چیزوں کے مطابق کچھ چیزیں بنا سکتے ہیں۔